OPINION POLL


ECONOMY

12th May, 2023

# FOOD INSECURITY: 71% PAKISTANIS REPORT THAT THEY OR SOMEONE IN THEIR FAMILY SUFFERED FROM FOOD SHORTAGES: GALLUP & GILANI PAKISTAN

غذائی عدم تحفظ: 71% پاکستانیوں نے بتایا کہ اُنھیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا۔

Question: "Have you or someone in your family suffered from food shortages?"




*Don't know/No response: 1%*

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

/GallupPak

پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## معیشت

# غذائی عدم تحفظ: 71% پاکستانیوں نے بتایا کہ اُنھیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

(اسلام آباد)، 12 مئی، 2023

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 71% پاکستانیوں نے بتایا کہ اُنھیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیاآپ یاآپ کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 46% جوابدہندگان کے مطابق ہاں، اکثر اُنھیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا، 28% جوابدہندگان کے مطابق نہیں، انھیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا بالکل بھی سامنا نہیں کرنا پڑا، جبکہ 25% کے مطابق ہاں، کبھی کبھار اُنھیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"کیاآپ یاآپ کے گھرانے کے کسی فرد کو کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## آمدنی کے اعتبار سے نتائج:

پاکستانیوں کی سب سے زیادہ شرح جن کا کہنا تھا کہ اُنہیں اکثر کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا کا تعلق کم آمدنی والے افراد کے گروپ سے ہے۔ ماہانہ 15,000 روپے تک کمانے والے افراد کی 60% شرح کا کہنا تھا کہ اُنہیں یا اُن کے گھرانے کو اکثر خوراک کی کمی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آمدنی میں اضافے کے ساتھ خوراک کی کمی کا سامنا کرنے والے افراد کی شرح میں کمی نظر آئی، جیسے کہ 15,000 سے 30,000 کمانے والے افراد کی 47% شرح، جبکہ 30,000 سے زائد روپے کمانے والے افراد کی 22% شرح کا یہ کہنا تھا کہ اُنہیں اکثر کھانے میں کمی کا سامنا کرنا پڑا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1135 مرد و خواتین سے 14 مارچ 2023 تا 22 مارچ 2023 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, May 12th, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)